ilmkidunya
علم کی دنیا

# Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 9 Short Questions Test

Q1. سورۃ البقرہ کے مضامین کے نکات تحریرکریں-

**Ans 1:** 1- سورۃ البقرہ کا آغاز اسلام کے بنیادی عقائد یعنی توحید، رسالت اور آخرت کے بیان سے ہوا ہے اسی ضمن میں انسانوں کی تین قسمیں مومن، کافر اور منافق بیان کی گئی ہیں- 2- حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش کا واقعہ بیان فرمایا گیا ہے تاکہ انسان کو اپنی پیدائش کا مقصد معلوم ہوا. 3- مسلمانوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگی سے متعلق بہت سے احکام بیان فرمائے گئے ہیں جن میں عبادات سے لے کر معاشرت، خادانی امور اور حکمرانی سے متعلق بہت سے مسائل ہیں-

---

Q2. سورۃ التوبہ میں مسجد کی نگرانی کے لیے کس چیز کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

**Ans 1:** مسجد کی تعمیر اور نگرانی کے لیے ایمان کامل کو لازمی قرار دیا گیا ہے.

---

Q3. سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے کون سے سورت ہے.

**Ans 1:** سورۃ الانفال قرآن مجید کی ترتیب سے اعتبار سے آٹھویں سورت ہے-

---

Q4. آپ صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبین کی آخری دو آیات کے بارے میں کیا فرمایا.

**Ans 1:** سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات کے بارے میں حضور اقدس خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص بھی سورۃ البقرہ کی آخری دو آیات رات میں سونے سے پہلے پڑھے گا اس کے لیے کافی ہوجائیں گی.

---

Q5. مال و اولاد کی محبت فتنہ کب بنتی ہے.؟

**Ans 1:** مال و اولادکی محبت میں حد سے بڑھ جانا فتنے کا باعث ہے.

---

Q6. لفظ کے معنی لکھیں- یصدون- جار- الفئتین- علی عقبیہ- الانفال- زات بینکم- قلوبھم- لقیتم- لاتنازعوا

**Ans 1:** یصدون- وہ روکتے ہیں- جار- حماعتی- الفئتین- دونوں جماعتیں- علی عقبیہ- التے قدموں- الانفال- مال غنیمت- زات بینکم،- آپس کے تعلقات- فلوبھم- ان کے دل لقیتم- تمہارا مقابلہ ہوجائے- لاتنازعوا- آپس میں نہ جھگڑو

---

Q7. سورۃ التوبہ کا علمی وعملی نکات تحریر کریں-

**Ans 1:** 1- اہل ایمان کا کامل بھروسہ اللہ تعالی پر ہوتا ہے اللہ تعالی کی طرف سے جو بھی فیصلہ ہو وہ اس پر راضی رہتے ہیں. 2- منافق جہاد اور نیکی کے کاموں میں پیچھے رہنا پسند کرتے ہیں-

---

Q8. اللہ تعالیٰ نےسورۃ الانفال کو کب نازل فرمایا.

**Ans 1:** غزوہ بدر کے بعد جب صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ کی طرف سے مال غنیمت کی تقسیم کے معاملے پر سوال آیا تو اللہ تعالی نے سورۃ الانفال کا نازل فرمایا- اس سورت میں حکم دیا گیا ہے کہ مال غنیمت کو نبی کریم صلی اللہ تعالی عنہ خاتم النبین کے سپرد کردیا جائے. پھر اللہ تعالی کے حکم کے مطابق آپ خاتم النبین صلی اللہ تعالی

.عنہ نے غزوہ بدر کے مجاہدین میں مال غنیمت کو تقسیم فرمادیا

---

Q9. سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے لحاظ سے کون سی سورت ہے.

**Ans 1:** سورہ ال عمران قرآن مجید کی ترتیب کے اعتبار سے تیسری سورت ہے.

---

Q10. سورہ ایتہ الکرسی کی کتنی ایت ہیں

**Ans 1:** ایتہ الکرسی قرآن مجید کیبہت فضیلت والی آیت ہے اور تمام ایتوں کی سردار ہے. سورہ البقرہ کی آیت نمبر دو سو پچپن ایتہ الکرسی ہے.

---